مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

جلسہ دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف

مورخہ ۱۳۔اپریل ۲۰۱۷ء بروز جمعرات کو دارالعلوم حقانیہ میں ۷۰ ویں تقریب ختم بخاری شریف اور جلسہ دستار بندی کا انعقاد ہوا۔حسب روایت اس سال بھی اس مبارک تقریب میں ہزاروں افراد نے شدید گرمی کے باوجود شرکت کی۔ اس موقع پر تقریباً ڈیڑھ ہزار فضلاء متخصصین اور حفاظ کرام کی دستار بندی ہوئی ۔ دوپہر دو بجے باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا سب سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر سیر حاصل خطاب فرماتے ہوئے فضلاء کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کیلئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ دارالعلوم کے نائب مہتمم استاذ حدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ نے حاضرین اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور خطاب فرمایا۔ اس مبارک تقریب میں ملک کے اہم علماء کرام اور مشائخ عظام ، قدیم حقانی فضلاؤں نے بھی شرکت فرمائی۔ جلسہ دستار بندی میں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور وحج جناب سردار یوسف صاحب ،صوبہ کے پی کے اسمبلی کے اسپیکر جناب اسد قیصر صاحب ،مرکزی جمعیت اہل حدیث کے مرکزی رہنما مولانا علی محمد ابوتراب،حضرت مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی صاحب، جامعہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب،حضرت مولانا عبدالحلیم دیر باباجی،حضرت مولانا محمد ادریس صاحب، حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب،مولانا گل رئیس نقشبندی صاحب، شیخ الحدیث مولانا اصلاح الدین صاحب، مولانا محمد سعید الہاشمی، اور دیگر اساتذہ دارالعلوم حقانیہ بھی شامل تھے۔

دارالعلوم کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

مورخہ ۱۵؍اپریل ۲۰۱۷ء کو دارالعلوم کے تمام درجات کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے ۔بحمدللہ امتحانات بخیروخوبی اساتذہ کرام کی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے پھر دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف کے بعد ۲۲؍اپریل ۲۰۱۷ء بروز ہفتہ وفاق المدارس کے زیرانتظام امتحانات ہوئے اور ۶ دن جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوئے اور دارالعلوم میں سالانہ ڈھائی ماہ کی تعطیلات کا آغاز ہوگیا۔